© rasailojaraid.com

ادارہ

# افکاروتاثرات

## مفتی اعظم کی تعزیت۔
## مشاہیر کے خطوط' گنبد خضریٰ کی اشاعت پر تبریک' مفید مشورے۔
## نام نہاد مسلمان اسلام سے دوری میں عافیت سمجھتے ہیں
## امریکی سفارتخانے میں ہم جنس پرستوں کا شرمناک اجتماع

- بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن
- احتشام اللہ جان مردان
- جناب شعیب تنولی
- انجینئر مختار فاروقی

برادر محترم !السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب نور اللہ مرقدہ کے حادثہ انتقال کا پڑھ کر انتہائی صدمہ پہنچا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. للہ ما اخذ ولہ ما اعطی و کل شئی عندہ الی اجل مسمی

اللہ تعالیٰ اس جہان میں ان کی درجات بلند فرمائیں' جنت الفردوس نصیب فرمائیں' ان کے اہل وعیال' متعلقین اور تلامذہ سب کو صبر جمیل پر اجر جزیل عطا فرمائیں۔ ایسے بزرگ اب کہاں ملیں گے۔ اللھم لاتحرمنا اجرہ و لاتفتنا بعدہ . میں نے رنگ کیا تھا مگر جواب نہیں آیا۔

- مشاہیر بنام مولانا عبدالحق شیخ الحدیثؒ ومولانا سمیع الحق کی اشاعت پر دلی مبارکباد قبول فرمائیں۔ آپ کے تعارفی حواشی سے اس کی قیمت میں مزید اضافہ ہوگا۔ "مشاہیر کے خطوط بنام...... اگر مناسب معلوم ہو تو بہتر ہوگا۔ ان نوادرات کی برآمد پر اہل علم اور یہ طالب علم نہایت ممنون ہیں۔ فجزاکم اللہ خیرا۔

- "گنبد خضریٰ کے سائے میں" کی اشاعت میری دیرینہ خواہش کی تکمیل ہے۔ مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے یہ اور "اے زائر حرم" دونوں بھجوائی ہیں' انہیں دیکھ کر دلی مسرت ہوئی۔ اس پر بھی ہدیہ تبریک! اطال اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فی جھودکم نحو الاسلام والمسلمین

- میں نے اپنی چند تصانیف آپ کی خدمت میں بھجوائی تھیں امید تھی کہ "الحق" میں آپ کے قلم گوہر بار سے چند کلمات پڑھنے کو ملیں گے مگر اب تک انتظار ہے۔
- مشاہیر علماء کی آٹھ جلدیں اور اسی طرح تذکرہ اسلاف کی ۸ جلدوں اور تذکرہ القراء کے لئے اگر آپ اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ وقت نکال کر مقدمہ تحریر فرماسکیں تو نہایت ممنون ہوں گا۔ اور یہ جامع مقدمہ ایسا ہو کہ میری تمام تصانیف کی زینت بنے تو اور بھی اچھا ہوگا۔ حضرت شیخ الحدیثؒ کے آپ جانشین ہیں، ان کی جگہ بھی آپ ہی کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے۔
- الحق کے گزشتہ شماروں کے اشاریے کی نوید بھی باعث مسرت ہوئی۔ اگر زحمت نہ ہو تو الحق میں شائع شدہ میرے قلم سے دو تبصرے ڈاکٹر خالد علوی مرحوم کی کتاب انسان کامل پر اور پروفیسر ابوبکر غزنوی کی "سیدی وابی" پر شائع ہوئے تھے ان کا عکس مطلوب ہے۔
- الحق میں عرصہ دراز سے "وفیات" کے عنوان پر لکھا جارہا ہے اب آپ کے لخت جگر اور ہمارے نہایت ہی عزیز اور محترم مولانا حافظ راشد الحق صاحب لکھتے ہیں اور ماشاء اللہ خوب لکھتے ہیں مگر ایک اہم نکتہ کی طرف توجہ قابل قدر ہوگی کہ ان بزرگوں کے صحیح حالات، ولادت و وفات کی صحیح تاریخیں لکھنے سے اور لکھنے والوں کو آسانی ہوگی۔ بعض اوقات یوں لکھ دیا جاتا ہے کہ "کچھ عرصہ ہوا ان کا انتقال ہوگیا ہے" اس سے مقصد حل نہیں ہوتا۔ اس کی اصلاح بہرحال ضروری ہے۔
- مشاہیر کے خطوط کیا کراچی سے بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں؟ ورنہ آپ ہی کسی کو حکم فرمادیں کہ میرے نام وی پی کردیں۔
- حضرت شیخ الحدیث نمبر اتنا ضخیم ہے کہ مطالعہ مشکل ہے اگر الگ الگ اجزاء منظر عام پر آجائیں تو کئی کتابیں آجائیں گی اور مطالعہ بھی آسان ہوگا۔ دعاؤں کی درخواست کے ساتھ اجازت چاہتا ہوں۔

والسلام علیکم   فیوض الرحمٰن

---

محترم المقام جناب راشد الحق صاحب

السلام علیکم! گزشتہ روز ضلع دیر لوئیر میں مفتی اعظم شمس العلماء جناب مولانا مفتی محمد فرید صاحب کے انتقال کی دردناک اور المناک خبر سنی۔ مرحوم نہ صرف جامعہ حقانیہ کے سینئر مدرس تھے بلکہ اصل سرپرست بھی تھے۔ آپ نے علمی

© rasailojaraid.com